# سپیشل برانچ پنجاب پولیس

## اشتہار برائے خالی آسامیاں

سپیشل برانچ (پنجاب پولیس) کے ٹیکنیکل کیڈر میں درج ذیل مخصوص آسامیوں کے لئے پنجاب کے تمام اضلاع کا ڈومی سائل رکھنے والے موزوں امیدواران سے تین سالہ کنٹریکٹ (قابل تجدید) کی بنیاد پر اوپن میرٹ پنجاب کی سطح پر جس میں مجوزہ 15% خواتین، 5% اقلیتی اور 3% معذور کوٹہ بھی شامل ہیں، پر درخواستیں مطلوب ہیں:۔

## EXPLOSIVE DETECTION SECTION (EDS)

| NAME OF POST | AGE ON CLOSING DATE | QUALIFICATION/ EXPERIENCE |
|---|---|---|
| Assistant Supervisor (Explosive Detection Section) (BS-09) (10 posts) | 21-40 years | i) Higher Secondary School Certificate or Diploma of Associate Engineering or equivalent qualificaiton (second division) from a recognized Board and certification in bomb disposal course from a recognized Institution with at least two years experience in the related field<br>**OR**<br>ii) retired junior commissioned officer or non-commissioned officer of armed forces and who have certification in bomb disposal course and possesses requisite field experience. |
| Operator (Explosive Detection Section) (BS-05) (99 posts) | 18-40 years | i) Secondary School Certificate or equivalent qualificaiton (second division) from a recognized Board and technical certificate (at least six months duration) in electrical, electronics, mechanical, chemical, civil, information technology or radio and TV mechanic from recognized institution;<br>**OR**<br>ii) Retired non-commissioned officer or soldier of armed forces having technical qualification and experience. |

## SURVEILLANCE SECTION (SS)

| NAME OF POST | AGE ON CLOSING DATE | QUALIFICATION/ EXPERIENCE |
|---|---|---|
| Operator (Surveillance Section (BS-05) (31 posts) | 18-40 years | i) Secondary School Certificate or equivalent qualificaiton (second division) from a recognized Board and certification in intelligence course with at least three years experience in the relevant field and have knowledge of Information Technology, Computer Science or Tele Communication;<br>**OR**<br>ii) retired non-commissioned officer or soldier of armed forces and who have certification in intelligence course and possesses requisite field experience. |

## CANINE SECTION (CS)

| NAME OF POST | AGE ON CLOSING DATE | QUALIFICATION/ EXPERIENCE |
|---|---|---|
| Assistant Canine Supervisor (Canine Section) (BS-09) (01 post) | 21-40 years | i) Secondary School Certificate and certification in basic dog handling course with at least seven years experience in canine handling;<br>**OR**<br>ii) retired junior or non-commissioned officer of armed forces and who have basic dog handling course and possesses requisite field experience. |

| | | |
|---|---|---|
| Senior Canine Handler (Canine Section) (BS-07) (05 posts) | 21-40 years | i) Middle pass and certification in basic dog handling course with at least five years experience in canine handling;<br>OR<br>ii) retired non-commissioned officer or soldier of armed forces and who has basic dog handling course and possesses requisite field experience. |
| Canine Handler (Canine Section) (BS-05) (146 posts) | 18-40 years | i) Primary pass and certification in basic dog handling course with at least two years experience in canine handling;<br>OR<br>ii) retired soldier or above and who have basic dog handling course and possesses requisite field experience. |
| Sweeper (Canine Section) (BS-01) (03 posts) | 18-40 years | Literate.<br>Preference shall be given to retired army personnel who possess experience in canine handling. |

**شرائط وضوابط:**

۱۔ درخواست فارم پنجاب پولیس کی ویب سائٹ www.PunjabPolice.gov.pk سے Download کیے جا سکتے ہیں۔

۲۔ امیدواران اپنی درخواست بمعہ مصدقہ نقول (تعلیمی اسناد، سرٹیفکیٹ، تجربہ، ڈومیسائل، شناختی کارڈ اور تین عدد تازہ ترین پاسپورٹ سائز تصاویر) اور مبلغ -/500 روپے (فارم فیس) متعلقہ ریجنل آفس سپیشل برانچ میں مورخہ 05.03.2024 تا 19.03.2024 یا اشتہار آنے کے 15 روز تک جمع کروا سکتے ہیں۔ سپیشل برانچ کے ریجنل دفاتر کی تفصیل درج ذیل ہے:۔

- ایس ایس پی، سپیشل برانچ، راولپنڈی ریجن ایئر پورٹ روڈ، راولپنڈی۔ فون نمبر۔ 051-9292871-73
- ایس ایس پی، سپیشل برانچ، سرگودھا ریجن، نزد آزادی چوک، میلہ منڈی روڈ، سرگودھا۔ فون نمبر۔ 048-9230862-63
- ایس ایس پی، سپیشل برانچ، فیصل آباد ریجن، نزد اقبال سٹیڈیم، فیصل آباد۔ فون نمبر۔ 041-9200345
- ایس ایس پی، سپیشل برانچ گوجرانوالہ ریجن، نزد آر پی او آفس گوجرانوالہ۔ فون نمبر۔ 055-9200627-28
- ایس ایس پی، سپیشل برانچ، شیخوپورہ ریجن، ایس پی چوک نزد پولیس پریڈ گراونڈ، شیخوپورہ۔ فون نمبر۔ 056-9200302
- ایس ایس پی، سپیشل برانچ، لاہور ریجن، قربان لائنز لاہور۔ فون نمبر۔ 042-99204690، 042-99204682-83
- ایس ایس پی، سپیشل برانچ، ساہیوال ریجن، نزد سول ریسٹ ہاؤس، ساہیوال۔ فون نمبر۔ 040-9200560-63
- ایس ایس پی، سپیشل برانچ، ملتان ریجن، نزد امیر عباس پارک، ملتان۔ فون نمبر۔ 061-9200480
- ایس ایس پی، سپیشل برانچ بہاولپور ریجن، نزد بہاول چوک، بہاولپور۔ فون نمبر۔ 062-9250481-82
- ایس ایس پی، سپیشل برانچ، ڈی جی خان ریجن، پولیس لائن ڈی جی خان۔ فون نمبر۔ 064-9260621

۳۔ سپیشل برانچ پنجاب پولیس کے علاوہ کوئی فرد، ادارہ یا ڈیپارٹمنٹ درخواست فارم تقسیم یا وصول کرنے کا مجاز نہیں ہے۔

۴۔ تقرری متعلقہ رولز، سلیکشن کے معیار، ریکروٹمنٹ پالیسی کی دیگر شرائط اور کنٹریکٹ پالیسی رائج الوقت کے مطابق صرف اوپن میرٹ کی بنیاد پر پنجاب کی سطح پر ہوگی۔

۵۔ وہ امیدواران جو فیملی کلیم (شہید/معذور/ریٹائرڈ/حاضر سروس) کی بنیاد پر اضافی نمبر لینا چاہتے ہیں وہ اپنے کلیم سے متعلقہ تمام کاغذات جیسا کہ پینشن بک، ریٹائرمنٹ آرڈر کی کاپی اور متعلقہ ضلع/یونٹ کے سربراہ سے حاصل کردہ سرٹیفکیٹ اپنی درخواست کے ساتھ لف کریں گے۔

۶۔ تقرری صرف سپیشل برانچ کے ٹیکنیکل کیڈر کے لیے مخصوص آسامیوں کے لیے ہوگی جو کہ پولیس اور سپیشل برانچ کے دیگر ادارہ یا کیڈر میں ناقابل ٹرانسفر ہوگی۔

۷۔ نامکمل، غلط معلومات کے ساتھ دی جانے والی اور مقررہ تاریخ کے بعد موصول ہونے والی درخواستیں مسترد کر دی جائیں گی اور موزوں امیدواران کی لسٹیں پنجاب پولیس کی ویب سائٹ www.punjabpolice.gov.pk پر اپلوڈ کر دی جائیں گی اور متعلقہ ریجنل آفس سپیشل برانچ میں بھی آویزاں کر دی جائیں گی۔

۸۔ متاثرہ امیدواران ریجنل آفس کی ریویو کمیٹی (Review Committee) کے روبرو پیش ہو کر دو دفتری ایام کے اندر اعتراضات دائر کر سکیں گے۔

۹۔ Review Committee اعتراضات سننے کے بعد حتمی میرٹ لسٹ پنجاب پولیس کی ویب سائٹ www.punjabpolice.gov.pk اور متعلقہ ریجنل آفس پر آویزاں کرے گی۔

۱۰۔ شارٹ لسٹڈ امیدواران کا تحریری امتحان پولیس سکول آف انفارمیشن اینڈ اینالیسز (PSIA)، چوہنگ، لاہور میں منعقد کیا جائے گا جس کی تاریخ اور وقت کے بارے میں بعد میں مطلع کیا جائے گا۔

۱۱۔ تحریری امتحان درج ذیل اجزاء پر مشتمل ہوگا جن میں سے ہر دو میں کامیاب ہونا لازمی ہے:۔

| Paper Composition | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| Sr. No. | Paper | Total Marks | | Passing Marks 40% | Paper Pattern | Remarks |
| 1. | Islamiyat + Pak Studies + General Knowledge | 9+8+8 =25 | 50 | 20 | MCQs | Must qualify both portions otherwise fail. |
| | Urdu | 12 | | | Subjective | |
| | English | 13 | | | Subjective | |
| 2. | Technical | 50 | | 20 | MCQs | |
| Total | | 100 | | 40 | | |

۱۲۔ تحریری امتحان میں کامیاب امیدواران کو 1:3 کے تناسب سے انٹرویو کے لیے بلایا جائے گا۔

۱۳۔ اصل تعلیمی اسناد اور دیگر دستاویزات انٹرویو کے وقت دیکھی جائیں گی اور مطلوبہ تعلیمی معیار پر پورا نہ اترنے والے امیدوار کو انٹرویو دینے کی اجازت نہ دی جائے گی۔

۱۴۔ انٹرویو میں کامیاب امیدواران کو نفسیاتی ٹیسٹ کے لیے بلایا جائے گا۔

۱۵۔ سرکاری ملازمین محکمانہ توسط سے درخواستیں جمع کروائیں۔

۱۶۔ حکومت کی ہدایات کے مطابق خواتین کیلئے 15%، اقلیتوں کے لیئے 5% اور معذوروں کے لیے 3% کوٹہ مخصوص ہے۔

۱۷۔ عمر کی بالائی حد درخواست وصول کرنے کی آخری تاریخ تک شمار کی جائے گی اور عمر کی بالائی حد میں کسی قسم کی کوئی رعایت نہ دی جائے گی۔

۱۸۔ ٹیسٹ / انٹرویو / نفسیاتی ٹیسٹ کے لئے کوئی ٹی اے / ڈی اے نہیں دیا جائے گا۔

۱۹۔ بھرتی شدہ امیدواران کو سپیشل برانچ پنجاب میں کہیں بھی تعینات کیا جاسکتا ہے۔

۲۰۔ بھرتی کے متعلق مجاز اتھارٹی کا فیصلہ حتمی ہوگا جو کسی بھی عدالت / فورم پر چیلنج نہ کیا جاسکے گا۔

۲۱۔ امیدواران کا تحریری امتحان، انٹرویو اور نفسیاتی ٹیسٹ پاس کرنا ضروری ہیں۔ کسی بھی مرحلہ پر ناکامی کی صورت میں امیدوار کو بھرتی نہیں کیا جائے گا۔

۲۲۔ ابتدائی کنٹریکٹ تقرری تین سال کی مدت کے لیے ہوگی جو بعد میں تسلی بخش کارکردگی کی بنیاد پر مروجہ قوانین کے مطابق بڑھائی بھی جاسکتی ہے۔

۲۳۔ محکمہ کو یہ اختیار حاصل ہوگا کہ وہ اس اشتہار کو تبدیل یا منسوخ کردے۔

۲۴۔ تمام امیدواران کو اسٹامپ پیپر (100 روپے) پر بیانِ حلفی جمع کروانا ہوگا کہ وہ کسی قسم کے جرم یا تخریبی کاروائی میں کبھی گرفتار / چالان / سزا یافتہ یا ملوث نہ رہے ہیں اور نہ ہی کسی ایف آئی آر (FIR) یا مقدمہ میں نامزد / ملوث / مطلوب ہیں اور نہ ہی کسی کالعدم تنظیم وغیرہ کا حصہ ہیں یا کبھی رہے ہیں۔ محکمہ کو اختیار ہوگا کہ اس ضمن میں غلط بیانی کی صورت میں سپیشل برانچ / پولیس میں بھرتی کیلئے نا اہل قرار دے / قانونی کاروائی عمل میں لائے۔ نیز اگر کسی بھی مرحلہ میں تعلیمی اسناد، ڈومیسائل، قومی شناختی کارڈ، کریکٹر سرٹیفکیٹ اور میڈیکل سرٹیفکیٹ (میں کسی خطرناک بیماری میں مبتلا نہ ہوں) وغیرہ کی پڑتال کے دوران یہ کاغذات جعلی یا غیر تصدیق شدہ پائے گئے تو محکمہ کو اختیار ہوگا کہ انہیں سپیشل برانچ، پنجاب پولیس میں بھرتی کے لئے نا اہل قرار دے / حسب ضابطہ قانونی کاروائی عمل میں لائے اور انہیں بھرتی کی منسوخی پر کسی بھی فورم پر اپیل کا حق نہ ہوگا۔

۲۵۔ ادارہ ہذا آسامیوں کی تعداد میں کسی بھی وقت کمی / بیشی کا اختیار رکھتا ہے۔

ایس ایس پی (ایڈمن)

برائے ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس، سپیشل برانچ پنجاب، لاہور۔